# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 20 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰ ؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ اسمبلی کے عام انتخابات کیلئے ریاست کے 288 حلقوں میں رائے دہی کا عمل جاری؛ سیاسی قائدین اور رہنماؤں کی جانب سے حقِ رائے دہی کی ادائیگی۔

☆ ووٹر شناختی کارڈ سمیت دیگر 12 دستاویزات میں سے کوئی ایک دستاویز بتا کر اپنی شناخت کی تصدیق کر کے رائے دہی کرنے کی اپیل۔

☆ ناندیڑ پارلیمانی نشست کے ضمنی انتخاب کیلئے بھی آج رائے دہی۔ ضلعے کے چھ اسمبلی حلقوں کے رائے دہندگان کو ایک ہی مرکز پر دو بار ووٹ ڈالنے کے ذمہ داری۔

☆ امتناعی احکامات کی خلاف ورزی کے معاملے میں بی جے پی رہنما ونود تاوڑے کے خلاف مقدمہ درج۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے ایشیائی ہاکی چمپئن شپ میں جاپان کو شکست دے کر بھارت فائنل میں داخل۔ آج چین سے مقابلہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاستی اسمبلی کی 288 نشستوں سمیت ناندیڑ پارلیمانی نشست کے ضمنی انتخاب کیلئے رائے دہی کا عمل جاری ہے۔ ریاست میں نو کروڑ 70 لاکھ 25 ہزار 119 رائے دہندگان کیلئے ایک لاکھ 427 رائے دہی مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ شام چھ بجے تک رائے دہی کا عمل جاری رہے گا۔

دریں اثنا، ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن، چیف الیکشن آفیسر ایس چوک لنگم، چیف سیکریٹری سجاتا سونِک، معروف کرکٹر بھارت رَتن سچن تنڈولکر نے ممبئی میں اپنے پولنگ مرکز پر جا کر ووٹ دیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں رائے دہی کا عمل بہتر طور پر جاری ہے۔ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے ویب کاسٹنگ کے ذریعے ضلع کے ووٹنگ مراکز کا مشاہدہ کیا۔ پربھنی شہر میں سخت سردی میں رائے دہی کا عمل ہو رہا ہے اور ووٹروں کی لمبی لمبی قطاریں دکھائی دے رہی ہیں۔

ہنگولی شہر میں صبح سے ہی رائے دہی کیلئے عوام کا بہتر ردِّ عمل دکھائی دے رہا ہے۔

بارامتی اسمبلی حلقے کے مہایوتی کے اُمیدوار اجیت پوار نے کاٹے واڑی کے مرکز پر ووٹ دیا۔

عثمان آباد اسمبلی حلقے کے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار کیلاش گھاڑگے اور لاتور شہر حلقے سے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار امیت دیشمکھ نے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔

دریں اثنا، رائے دہی مراکز پر رائے دہندگان کی تصدیق کیلئے ووٹر شناختی کارڈ کے ساتھ 12 دیگر دستاویزات میں سے کوئی بھی ایک دستاویز قبول کیا جائے گا۔ ان دستاویزات میں ڈرائیونگ لائسنس، پین کارڈ، آدھار کارڈ، پاسپورٹ، منریگا جاب کارڈ، بینک یا ڈاک محکمے کی تصویر والی پاس بک، ہیلتھ انشورنس اسمارٹ کارڈ، قومی آبادی رجسٹر کے تحت حاصل کردہ اسمارٹ کارڈ، خصوصی معذوری شناختی کارڈ وغیرہ دستاویزات قابلِ قبول ہوں گے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے تمام رائے دہندگان سے اپنی شناخت کی تصدیق کرکے رائے دہی کرنے کی اپیل کی ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ جمہوریت کے اس جشن میں سبھی کو شرکت کرنی چاہیے۔

چیف انتخابی افسر ایس چوکّ لنگم نے ریاست کے سبھی رائے دہندگان سے کثیر تعداد میں اپنا حقِ رائے دہی ادا کرنے کی درخواست کی ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات میں مجموعی طور پر چار ہزار 136 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ ان میں سے تین ہزار 771 مرد امیدواروں کے علاوہ، 363 خواتین اور تیسری جنس کے دو امیدوار ہیں۔ پونے ضلع میں سب سے زیادہ 303 امیدوار، جبکہ سندھودُرگ ضلع میں سب سے کم 17 امیدوار میدان میں ہیں۔

چھتر پتی سمبھا جی نگر ضلع کے نو اسمبلی حلقوں میں 183 امیدوار میدان میں ہیں، جبکہ جالنہ ضلع کے پانچ اسمبلی حلقوں میں 109 امیدوار، بیڑ ضلع کے چھ اسمبلی حلقوں میں 139 امیدوار، پربھنی ضلع کے چار اسمبلی حلقوں میں 58 امیدوار، ہنگولی ضلع کے تین حلقوں میں 53 امیدوار میدان میں ہیں۔ اسی طرح لاتور ضلع کے چھ انتخابی حلقوں میں 106 امیدوار، دھاراشیو ضلع کے چار حلقوں میں 66 امیدوار اور ناندیڑ ضلع کے نو اسمبلی حلقوں میں 165 امیدوار اپنی قسمت آزمارہے ہیں۔

ناندیڑ پارلیمانی نشست کے ضمنی انتخاب میں رائے دہندگان 19 امیدواروں میں سے کسی ایک امیدوار کو اپنا نمائندہ منتخب کریں گے۔ اس لوک سبھا حلقہ کے ناندیڑ شمال، ناندیڑ جنوب، بھوکر، نائیگاؤں، دیگلور اور مکھیڑ اسمبلی حلقوں کے رائے دہندگان دو بار ووٹ دے رہے ہیں۔ لوک سبھا ضمنی انتخاب کیلئے ووٹنگ مشین پر سفید اسٹیکر، جبکہ اسمبلی کے عام انتخابات کیلئے ووٹنگ مشین پر گلابی اسٹیکرز چسپاں کیے گئے ہیں۔ پولنگ مرکز پر رائے دہندگان اپنی شناخت کی تصدیق کے بعد پہلے لوک سبھا اور پھر اسمبلی کیلئے ووٹ دے رہے ہیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن کے حکم کے مطابق ریاست میں اسمبلی انتخابات کیلئے خواتین پولنگ عملے کے ماتحت 426 رائے دہی مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ ان تمام مراکز پر خواتین افسران و ملازمین انتخابی اُمور انجام دے رہی ہیں۔

***** ***** *****

رائے دہی کے عمل کی تکمیل کیلئے گزشتہ روز ہی پولنگ عملے اپنے اپنے پولنگ اسٹیشنوں پر پہنچ گئے ہیں۔ چھتر پتی سمبھا جی نگر ضلع میں تین ہزار 273 رائے دہی مراکز پر پولنگ اُمور کی انجام دہی کیلئے 18 ہزار 178 افسران اور ملازمین کو تعینات کیا گیا ہے۔

جالنہ ضلع کے پانچ حلقوں میں جملہ ایک ہزار 775 پولنگ مراکز پر رائے دہی ہورہی ہے؛ جبکہ بیڑ ضلع کے چھ حلقوں میں دو ہزار 416 پولنگ اسٹیشنوں پر 11 ہزار 469 افسران و ملازمین کو الیکشن ڈیوٹی پر مامور کیا گیا ہے۔

ناندیڑ ضلع میں تین ہزار 88 پولنگ اسٹیشن بنائے گئے ہیں اور پولنگ عملے کی نگرانی میں ان تمام مراکز پر صبح سات بجے سے رائے دہی شروع ہوچکی ہے۔

دھاراشیو ضلع کے چار اسمبلی حلقوں میں 14 لاکھ چار ہزار ووٹر ایک ہزار 523 رائے دہی مراکز پر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے ضابطہ اخلاق کے دوران 15 اکتوبر سے گذشتہ کل تک ریاست بھر میں سی ویجل ایپ پر نو ہزار 293 شکایات موصول ہوئیں ہیں؛ جن میں سے نو ہزار 265 شکایات کا ازالہ کرنے کی اطلاع چیف الیکشن آفیسر دفتر نے دی ہے۔ اس دوران جملہ 673 کروڑ 22 لاکھ روپے ضبط کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری ونود تاوڑے کے خلاف پال گھر ضلع کے نالاسو پارہ کے تُڑنج پولس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ انتخابات کی تشہیری مہم ختم ہونے کے بعد قائدین و کارکنان کے انتخابی حلقے میں نہ رہنے کے امتناعی احکامات کی خلاف ورزی کرنے پر تاوڑے سمیت مہایوتی کے امیدوار راجن نائیک اور تقریباً 250 کارکنان پر مقدمہ درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی رائے دہی سے قبل تشہیری مہم کے اختتام کے بعد صحافتی کانفرنس منعقد کرنے اور ہوٹل کے کمروں کی تلاشی کے دوران نقد رقم ملنے کے دو دیگر مقدمے بھی پولس نے درج کیے ہیں۔

دریں اثنا، بہوجن وکاس آگھاڑی پارٹی نے ونود تاوڑے پر نالاسو پارہ کی ایک ہوٹل میں پیسے تقسیم کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ تاوڑے سمیت بی جے پی نے اس الزام کی تردید کی ہے۔ اس سلسلے میں الیکشن کمیشن سے معاملے کی جانچ کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

صحت و خاندانی بہبود محکمے نے ریاست اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کو موسم کی تبدیلی اور صحت پر اسکے اثرات کیلئے ضلع اور شہری سطح پر ضروری منصوبہ بندی کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔ مرکزی صحت سیکریٹری پنیہ سلیلا شریواستو نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے چیف سیکریٹریوں کو اس سلسلے میں ایک مکتوب ارسال کیا ہے۔ جس میں فضائی آلودگی کا سامنا کرنے کے احکامات دیئے گئے ہیں۔ آلودگی سے ہونے والی بیماریوں اور اس کے مطابق طبّی پالیسیاں تبدیل کرنے جیسی ہدایات اس میں شامل ہیں۔

***** ***** *****

بہار کے راجگیر میں جاری خواتین کے ایشیائی چیمپئن شپ ٹورنامنٹ کا فائنل مقابلہ آج بھارت اور چین کے درمیان ہوگا۔ شام پونے پانچ بجے سے میچ کا آغاز ہوگا۔ کل کھیلے گئے سیمی فائنل مقابلے میں بھارت نے جاپان کو دو۔صفر سے جبکہ چین نے ملائیشیا کو تین۔ایک سے شکست دی تھی۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے چار اسمبلی حلقوں میں رائے دہی کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکنے اور رائے دہندگان کو لبھانے جیسے غیر قانونی کاموں پر نظر رکھنے کیلئے پولس انتظامیہ کی جانب سے ڈرون پیٹرولنگ کی جا رہی ہے۔ جن علاقوں میں پہنچنا ممکن نہ ہو، وہاں پر ڈرون پیٹرولنگ مؤثر ثابت ہونے کی اطلاع پولس سپرنٹنڈنٹ نے دی ہے۔

بیڑ ضلعے میں رائے دہی کا عمل پُرامن طریقے سے مکمل کرنے کیلئے ایک ہزار 209 رائے دہی مراکز پر منظر کشی کی جا رہی ہے۔

جالنہ ضلعے کے پانچ اسمبلی حلقوں میں چار ہزار پولس ملازمین کو بندوبست پر تعینات کیا گیا ہے۔ چار حساس رائے دہی مراکز کیلئے سی اے پی ایف دستے تعینات کیے گئے ہیں۔ ویب کاسٹنگ اور مائیکرو آبزرورس کے ذریعے نگرانی کروائی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

55واں بھارتی بین الاقوامی فلم فیسٹیول یعنی IFFI کا آج سے گوا میں آغاز ہو رہا ہے۔ اس فلم فیسٹیول میں 81 ممالک کی تقریباً 18 فلمیں دکھائی جائیں گی۔ آئندہ 28 نومبر تک یہ فیسٹیول جاری رہے گا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

1

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی کے عام انتخابات کیلئے ریاست کے 288 حلقوں میں رائے دہی کا عمل جاری؛ سیاسی قائدین اور رہنماؤں کی جانب سے حقِ رائے دہی کی ادائیگی۔

☆ ووٹر شناختی کارڈ سمیت دیگر 12 دستاویزات میں سے کوئی ایک دستاویز بتا کر اپنی شناخت کی تصدیق کر کے رائے دہی کرنے کی اپیل۔

☆ ناندیڑ پارلیمانی نشست کے ضمنی انتخاب کیلئے بھی آج رائے دہی۔ضلعے کے چھ اسمبلی حلقوں کے رائے دہندگان کو ایک ہی مرکز پر دوبار ووٹ ڈالنے کے ذمہ داری۔

☆ امتناعی احکامات کی خلاف ورزی کے معاملے میں بی جے پی رہنما ونود تاوڑے کے خلاف مقدمہ درج۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے ایشیائی ہاکی چمپئن شپ میں جاپان کو شکست دے کر بھارت فائنل میں داخل۔آج چین سے مقابلہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****